# تتلی
# اسلام کا سفر ۳



کتاب کے پانچ بنیادی موضوع

* قرآن
* سیرت
* عربی
* عقیدہ
* صحابہ کرام کے قصے

EAST
MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM
عالمی معیار، مسلم اقدار

# تتلی
# اسلام کا سفر ۳




نام ____________

جماعت ____________

اسکول ____________

____________



# دیباچہ

آج آپ ایک سچی کہانی پڑھیں گے۔ یہ رسول اللہ ﷺ کی زندگی کی کہانی ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ کس طرح رسول اللہ ﷺ نے اسلام پھیلایا۔ آپ ان بُرے لوگوں کے بارے میں بھی پڑھیں گے جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی۔ آپ اچھے مسلمانوں کے بارے میں بھی پڑھیں گے جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی مدد کی تھی۔ آپ وہ پیغامات بھی پڑھیں گے، جو اللہ نے رسول اللہ ﷺ کو بھیجے تھے۔ یہ پیغامات قرآن کہلاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ عربی پڑھنا اور سمجھنا بھی سیکھیں گے۔ اس لئے آیئے بیٹھیے اور ہر دور کی سب سے بڑی کہانی کا مزہ اٹھایئے اور یاد رکھیں کہ اس کہانی کا ہر لفظ سچا ہے۔



# فہرست


۱۔ امیر سوداگر ---------- 02

۲۔ بڑی غلطی ---------- 04

۳۔ سورۃ قریش ---------- 07

۴۔ سورۃ الکوثر ---------- 10

۵۔ تنگ کرنا ---------- 14

۶۔ لالچ ---------- 17

۷۔ سورۃ الکٰفرون ---------- 20

۸۔ لالچ پر قابو ---------- 23

۹۔ سورۃ الم نشرح ---------- 26

۱۰۔ وسیع سینہ ---------- 29

۱۱۔ سب سے زیادہ پسندیدہ شخصیت --- 33

۱۲۔ زندگی کا پہیہ ---------- 35

۱۳۔ اللہ کا شکر ---------- 37

۱۴۔ مصعب بن عمیرؓ مدینہ میں ------ 40

۱۵۔ ام سلمٰی کی کہانی ---------- 44

۱۶۔ بہن اور بھائی ---------- 47

۱۷۔ سورۃ الاخلاص ---------- 49


۱۸۔ وعدہ پورا کر دیا ---------- 52


۱۹۔ عظیم مگر سادہ ---------- 54

۲۰۔ حج کا سفر ---------- 56

۲۱۔ سورۃ النصر ---------- 58

۲۲۔ اللہ کی طرف واپسی ---------- 60


RUSSIA
Black Sea
Sokhumi
Groznyy
GEORGIA
Tbilisi
Caspian Sea
Bat'umi
Samsun
Trabzon
Istanbul
Bursa
Ankara
ARMENIA
Yerevan
AZERBAIJAN
Baku
Sumqayit
Türkmenbaşy
TURKMENISTAN
Balkanabat
Ashgabat
TURKEY
Kayseri
Izmir
Denizli
Konya
Antalya
İçel (Mersin)
Adana
Gaziantep
Diyarbakır
Van
Tabriz
Rasht
Zanjān
Qazvīn
Tehran
Mashhad
Nicosia
CYPRUS
Aleppo
Latakia
SYRIA
Mosul
Arbil
Kirkuk
Qom
Arāk
Kermānshāh
Mediterranean Sea
Beirut
LEBANON
Damascus
Haifa
ISRAEL
Golan Heights
Baghdad
IRAQ
Eşfahān
IRAN
Alexandria
Port Said
Jerusalem
West Bank
Amman
Dead Sea
Cairo
Al Jīzah
Gaza Strip
Suez
JORDAN
Al Aqabah
Ahvāz
Abādān
An Nāşirīyah
Al Başrah
Kermān
Kuwait
KUWAIT
Shīrāz
Būshehr
Tabūk
Ḩafar al Bāţin
Ḩā'il
Asyūţ
Gulf of Aqaba
EGYPT
Persian Gulf
Bandar 'Abbās
Al Jubayl
Ad Dammām
Dhahran
Manama
BAHRAIN
QATAR
Doha
Abu Dhabi
Dubai
OMAN
Gulf of Oman
Buraydah
Luxor
Aswān
Medina
SAUDI ARABIA
Riyadh
Muscat
Yanbu al Bahr
UNITED ARAB EMIRATES
Administrative boundary
Ḩalā'ib
Jiddah
Mecca
OMAN
Red Sea
Port Sudan
Abhā
SUDAN
Jīzān
Şalālah
Omdurman
Khartoum
ERITREA
Massawa
Asmara
Sanaa
YEMEN
Al Ghaydah
Al Ḩudaydah
Wad Madanī
Al Mukallā
Arabian Sea
Aden
Gulf of Aden
Socotra (YEMEN)
DJIBOUTI
Djibouti
Desē
Berbera
Scale 1:21,000,000
Lambert Conformal Conic Projection, standard parallels 12°N and 38°N
Addis Ababa
SOMALIA
ETHIOPIA

سبق نمبر۔۴

# سورۃ الکوثر

قریش نے رسول اللہ ﷺ کا مذاق اڑایا۔ رسول اللہ ﷺ نے قریش کو جو کچھ بتایا انھوں نے اس کا یقین کرنے کے بجائے
اُنھیں تکلیفیں دیں۔ قریش نے کہا آپ ﷺ کا کوئی بیٹا نہیں ہے۔ نہ آپ امیر ہیں اور نہ ہی آپ کے پاس کوئی طاقت ہے۔
رسول اللہ ﷺ نے کہا، "صرف اللہ تعالیٰ سے مدد مانگو۔ مگر قریش نے ان کی بات نہیں سنی اور وہ لوگ ان کا مذاق اڑانے لگے
"نہ بیٹا، نہ پیسہ اور نہ ہی طاقت۔" وہ ایسی بات کر کے رسول اللہ کا مذاق اڑاتے تھے۔

یہ بات اللہ کو پسند نہ آئی تو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک پیغام بھیجا۔ اس پیغام کا نام سورۃ کوثر ہے۔
یہ بھی قرآن میں ہے۔

## سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَعْطَيْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝١ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انْحَرْ ۝٢ اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝٣

ہم نے تم کو کوثر عطا فرمائی ہے ۝١ تو اپنے پروردگار کے لیے نماز پڑھا کرو اور قربانی کیا کرو ۝٢
کچھ شک نہیں کہ تمھارا دشمن ہی بے اولاد رہے گا ۝٣

کوثر کے معنی "بہت زیادہ" کے ہیں۔ اس کا مطلب خوشی اور اللہ کی رحمت کے بھی ہیں۔
یہ جنت میں پانی کے ایک چشمے کا نام ہے۔ یہ خاص پانی کا چشمہ آپ ﷺ کے لئے خاص طور پر بنایا گیا ہے۔
اللہ تعالیٰ نے جنت میں ہمارے رسول محمد ﷺ کو بہت سی نعمتیں دی ہیں۔

* کیا آپ اُن چند چیزوں کے بارے میں سوچ سکتے ہیں جو رسول اللہ ﷺ کو جنت میں دی گئیں؟

۱۔ ____________ ۲۔ ____________

۳۔ ____________

* قریش نے کن تین چیزوں کے لئے آپ ﷺ کو تنگ کیا؟

۱۔ ____________ ۲۔ ____________

۳۔ ____________

صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان لگائیں۔

* رسول اللہؐ کو تنگ کرنے والے کے ساتھ اللہ کیا کرے گا؟

۱۔ وہ امیر ہو جائیں گے۔ ☐

۲۔ وہ اور زیادہ مشہور ہو جائیں گے۔ ☐

۳۔ وہ جہنم میں جائیں گے۔ ☐

* اللہ کی رحمت کس کو ملے گی؟

☐ کافر ☐ مسلمان

* اللہ کا انعام کس کو ملے گا؟

☐ کافر ☐ مسلمان

* اللہ کی سزا کس کو ملے گی؟

☐ کافر ☐ مسلمان

* یہاں پر سورۃ الکوثر سے کچھ الفاظ اور انکے معنی دئے گئے ہیں۔

| عربی | اُردو |
|---|---|
| اِنَّآ | یقیناً |
| الْکَوْثَر | بہت زیادہ رحمت، خوشی وہ سب کچھ جو آپ چاہیں۔ |
| فَصَلِّ | نماز پڑھیں |
| وَ | اور |
| انْحَرْ | قربانی |
| شَانِئَکَ | تمھارا دشمن |
| هُوَ | وہ |
| الْاَبْتَرُ | ہلاک ہونا۔ مرجانا |

* صحیح معنٰی چنیں۔


هُوَ ☐ ہم ☐ دشمن ☐ وہ

وَ ☐ بہت زیادہ ☐ اور ☐ کم

اِنَّآ ☐ یقیناً ☐ کبھی نہیں ☐ وہ (جمع)

الْاَبْتَرُ ☐ بنانا ☐ تباہ ہو جانا۔ مرجانا ☐ انعام دیئے گئے

انْحَرْ ☐ لینا ☐ بیچنا ☐ قربانی دینا



سورۃ الکوثر میں اللہ تعالیٰ نے آپؐ سے ارشاد فرمایا ہے کہ آپ اپنے پروردگار لئے نماز پڑھا کرو اور قربانی کیا کرو۔

آپ ﷺ کبھی بھی نماز ادا کرنا نہیں بھولتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ دن میں پانچ وقت ضرور نماز پڑھتے تھے۔
اب مسلمان بھی اللہ کے حکم کے مطابق اور آپؐ کی طرح دن میں پانچ وقت نمازیں پڑھتے ہیں۔

* پانچ نمازوں کے نام دہرائیے۔

۱۔ سورج نکلنے سے پہلے ____________

۲۔ دوپہر کے وقت ____________

۳۔ جب سورج نیچے ڈھلنا شروع کردے سہ پہر ____________

۴۔ جب سورج غروب ہو جائے مگر مکمل اندھیرا نہ ہوا ہو ____________

۵۔ جب پورا اندھیرا چھا جائے اور سونے کا وقت ہو جائے ____________

* اب ہر نماز کی رکعتوں کی تعداد دہرائیے۔

| نمازوں کے نام | رکعتوں کی تعداد |
|---|---|
| ۱۔ ____________ | ____________ |
| ۲۔ ____________ | ____________ |
| ۳۔ ____________ | ____________ |
| ۴۔ ____________ | ____________ |
| ۵۔ ____________ | ____________ |

# تتلی
# اسلام کا سفر ۳

اسلام کی حقیقت کا اس سے زیادہ واضح اور مدلل ثبوت کیا ہوگا کہ صدیوں سے ہر خطہ اور ہر عہد کے لوگوں نے اسے سمجھا اور قبول کیا ہے۔

ہند کے دانشوروں سے لے کر جنوبی افریقہ کے چرواہوں تک۔ افغانستان کے پرشکوہ سرداروں سے لے کر ملائیشیا میں پام کی کاشت کرنے والے سادہ لوح کاشت کاروں تک۔ لوگوں نے اس پیغام کو سنا اور اس سے اپنی روح کو حقیقی خوشی سے ہم کنار کر لیا۔

سادگی میں ایک خوبصورتی پائی جاتی ہے۔ اسلام کے پیغام کا اصل حسن اس کے سادہ طرز بیاں میں پنہاں ہے۔

اسلام کا پیغام بچوں کو دینا تو اور بھی آسان ہے آیئے گھٹنوں کے بل جھک کر، "جنت کے پھولوں" کے قریب آ جایئے اور اسلام کا پیغام انھیں دے دیجیے۔

حضور ﷺ نے بچوں کو "جنت کے پھول" قرار دیا ہے۔

یہ کتاب " اسلام کا سفر " نہایت سادہ بات چیت کے انداز میں اسلام کے بنیادی اصولوں کا احاطہ کرتی ہے۔

قرآن پاک، سنت، احادیث اور اخلاقیات اس کتاب کی بنیاد ہیں۔ تو آیئے بیٹھیے اور چہروں پر مسکراہٹ لیے نہایت ادب اور احترام کے ساتھ اس کتاب کو پڑھنے کی ابتدا کیجیے۔

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل، فوٹو کاپی،
محفوظ یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔
پاکستان میں شائع کی گئی۔

ہیڈ آفس:
B-29، بلاک 3، گلشن اقبال، کراچی۔
021-34990387, +92 335 2030338
http://east.education

کراچی: 021-34970331, +92 334 2343488
لاہور: 042-37111256, +92 312 4685035
اسلام آباد: +92 333 8752228
سیالکوٹ: +92 335 4479245
فیصل آباد: +92 300 9667645
ملتان: +92 334 6126479

EAST
MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM
عالمی معیار، مسلم اقدار